| Version No. |
|---|
| |

| ROLL NUMBER |
|---|
| |

Answer Sheet No.____________

Sign. of Candidate ____________

Sign. of Invigilator ____________

# اردو(لازمی)برائے جماعت دہم

ماڈل سوالیہ پرچہ(کریکلم 2006ء)

حصہ اوّل(کل نمبر:15،وقت:20منٹ)

حصہ اول لازمی ہے۔اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔**لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔**

**سوال نمبر1:** ہر جزو کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پر کریں۔

(1) "آگ ہے اولادِ ابراہیمؑ ہے نمرود ہے   کیا کسی کو پھر کسی کا امتحاں مقصود ہے"   قواعد کی رو سے یہ شعر کس کی مثال ہے؟

(A) تلمیح ○   (B) کنایہ ○

(C) تشبیہ ○   (D) استعارا ○

(2) آدمی آدمی سے ملتا ہے   دل مگر کم کسی سے ملتا ہے   اس شعر میں قواعد کی رو سے "سے ملتا ہے" کو کیا کہیں گے؟

(A) قافیہ ○   (B) ردیف ○

(C) مجاز مرسل ○   (D) محاورا ○

(3) غزل کے تمام اشعار ہوتے ہیں:

(A) ذو معنی ○   (B) جدا جدا معنوں کے حامل ○

(C) ایک ہی معنی کے حامل ○   (D) ایک ہی مرکزی خیال کے حامل ○

(4) "کتنا ہے بدنصیب ظفر دفن کے لیے   دو گز زمیں نہ ملی کُوئے یار میں"   اس شعر میں "دو گز زمیں" کو قواعد کی رو سے کیا کہیں گے؟

(A) محاورا ○   (B) تشبیہ ○

(C) کنایہ ○   (D) قافیہ ○

(5) جملہ اسمیہ کے مبتدا اور خبر کو ہونا چاہیے؟

(A) اسم ○   (B) فعل ○

(C) حرف ○   (D) محاورا ○

(6) مسدس نظم کے ہر بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) تین ○   (B) چار ○

(C) پانچ ○   (D) چھے ○

FBISE PAST PAPERS

(7) ایسی نظم جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) منقبت ◯ (B) مرثیہ ◯
(C) نعت ◯ (D) حمد ◯

(8) تمہید، نفسِ مضمون، خاتمہ کس تحریر کے تین اہم حصے شمار کیے جاتے ہیں؟

(A) افسانہ ◯ (B) مضمون ◯
(C) ناول ◯ (D) ڈراما ◯

(9) ذیل میں علم بیان کی کس اصطلاح کے لغوی معنی پوشیدہ بات یا رمز و اشارہ کرنے کے ہیں؟

(A) کنایہ ◯ (B) مجازِ مرسل ◯
(C) تشبیہ ◯ (D) استعارا ◯

(10) علم بیان کی کس اصطلاح میں لفظ اپنے مجازی معنوں میں استعمال ہوتا ہے؟

(A) تشبیہ ◯ (B) کنایہ ◯
(C) استعارا ◯ (D) روزمرہ ◯

(11) آج کل سفید پوش مشکل سے گزر بسر کرتے ہیں۔ اس مثال میں کون سے لفظ کنایہ کے طور پر استعمال ہوئے ہیں؟

(A) آج کل ◯ (B) سفید پوش ◯
(C) مشکل سے ◯ (D) گزر بسر کرتے ہیں ◯

(12) ذیل میں سے کون سا مصرع صنعتِ تکرار کی مثال ہے؟

(A) رونا ہے اب ہنسی خوشی کا ◯ (B) حیف ہے اس کی بادشاہی پر ◯
(C) آتے تھے سرد سرد وہ جھونکے نسیم کے ◯ (D) شان رنگینی حسن چمن آرا بھی نہیں ◯

(13) علم بیان کی کس اصطلاح میں کُل کہہ کر جزو یا جزو کہہ کر کُل مراد لی جاتی ہے؟

(A) مجازِ مرسل ◯ (B) کنایہ ◯
(C) تشبیہ ◯ (D) استعارا ◯

(14) حرا نے سبق پڑھا۔ اس جملے میں "سبق" کو قواعد کی رو سے کیا کہیں گے؟

(A) فعل ◯ (B) متعلق فاعل ◯
(C) فاعل ◯ (D) مفعول ◯

(15) گلاب کا پھول خوبصورت ہے۔ قواعد کی رو سے اس جملے میں "خبر" کس لفظ کو کہیں گے؟

(A) گلاب ◯ (B) کا ◯
(C) ہے ◯ (D) خوبصورت ◯

---



FBISE PAST PAPERS

## فیڈرل بورڈ امتحان برائے جماعت دہم

## اردو (لازمی) ماڈل سوالیہ پرچہ (کریکلم 2006)

وقت: 2:40 گھنٹے — کل نمبر: 60

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم میں دیے گئے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصہ دوم (کل نمبر 30)

**سوال نمبر 2: (الف) حصہ نثر:**

**عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں:** (7 x 2 = 14)

استنبول یا قسطنطنیہ کی ایک بہت بڑی خصوصیت یہ بھی ہے کہ اسے مساجد کا شہر کہا جاتا ہے۔ جہاں عثمانی عہد کا طرزِ تعمیر اپنی پوری شان و شوکت کے ساتھ جلوہ گر ہے۔ یوں تو پورے شہر میں تقریباً پانچ سو مساجد ہیں لیکن اسلامی فن تعمیر کا اعلیٰ نمونہ سلیمانیہ مسجد ہے۔ دو تین سال پہلے مَیں ترکی حکومت کی دعوت پر آیا تھا۔ کویت میں قائم مرکز طبِ اسلامی کے زیرِ اہتمام استنبول میں تیسری طبِ اسلامی کانفرنس ہوئی تھی۔ ترکی کے میرے ایک دوست ڈاکٹر پروفیسر ڈوگو اباچی ہیں۔ وہ ترکی کی تمام یونیورسٹیوں کے سربراہ ہیں۔ استنبول کانفرنس کا انھوں نے شان دار انتظام کیا تھا۔ ترکی کے وزیر اعظم جناب ترگت اوزال ہمارے میزبان تھے۔ ہم سب مندوبین سلیمانیہ مسجد میں نمازِ جمعہ ادا کرنے آئے تھے۔ تمام مندوبین کے لیے صف اول میں انتظام تھا۔ ہزارہا نمازی تھے۔ خطبہء جمعہ آدھا عربی اور آدھا ترکی زبان میں تھا۔

**سوالات:**

i. استنبول کی بہت بڑی خصوصیت کیا بتائی گئی ہے؟

ii. سلیمانیہ مسجد کے متعلق کیا بتایا گیا ہے؟

iii. مصنف کس کی دعوت پر ترکی آیا تھا؟

iv. ڈاکٹر پروفیسر ڈوگو اباچی کون تھے؟

v. خطبہء جمعہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟ (یا) استنبول شہر میں کتنی مساجد ہیں؟

vi. استنبول میں طبِ اسلامی کانفرنس کون سا ادارہ کرا رہا تھا؟

vii. اس عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔ (یا) اس عبارت کا خلاصہ لکھیں۔

**(ب) حصہ شعر:**

**درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں:** (5 x 2 = 10)

i. یہ گرم و سرد، خشک وتر، اُجالا اور تاریکی — نظر آتی ہے سب میں شان اُسی کی ذات باری کی

ii. محبت صلح بھی، پیکار بھی ہے — یہ شاخِ گل بھی ہے، تلوار بھی ہے

iii. عبادت ہے سراپا جذبہء تعمیر آزادی — شہادت مستقل اک سرخی تحریر آزادی

iv. اب انساں کو انساں کا عرفان ہوگا — یقیں ہو گیا، اعتبار آ گیا ہے

v. کاروبارِ جہاں سنورتے ہیں — ہوش جب بے خودی سے ملتا ہے

**سوالات:**

i. پہلے شعر کا مرکزی خیال لکھیں۔

ii. شاعر نے محبت کے کیا وصف بیان کیے ہیں؟



FBISE PAST PAPERS

iii. جذبہء تعمیر آزادی کو کس طرح عبادت قرار دیا جا سکتا ہے؟

iv. انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

v. کاروبارِ جہاں کس طرح سنورتے ہیں؟ (یا) ہوش اور بے خودی کے ملنے سے کیا مراد ہے؟

**(ج) حصہ قواعد:**

**مندرجہ ذیل اجزا کے جوابات لکھیں۔** **(3 x 2 = 6)**

i. "انسان کی زندگی چار دن کی ہے۔" اس مثال میں علم بیان کی کون سی اصطلاح استعمال کی گئی ہے؟ وضاحت کریں۔

ii. سر میں سودا بھی نہیں دل میں تمنا بھی نہیں لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

اس شعر میں موجود قافیہ ردیف کی نشاندہی کریں۔

iii. مرثیہ کس نظم کو کہا جاتا ہے؟ (یا) نظم اور غزل کا فرق بتائیے۔

## حصہ سوم (کل نمبر 30)

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں: (5)

افوہ! بھئی بہت سن لیں تمہاری باتیں۔ میرا دماغ نہ کھاؤ۔ میرے گھر رہنا ہے تو جیسا میں کہوں گی وہی کرنا ہوگا ورنہ۔۔۔۔۔۔۔" دروازہ بند ہوتے دیکھ کر وہ چپ ہو گئیں۔ ان کے ہاتھ لرز رہے تھے، غصے سے یا شاید سردی سے۔ کھڑکی کے شیشوں پر سے پرانی ساڑھی سے بنا ہوا پردہ بھی ہٹا ہوا تھا۔ پھر بھی کُہر کے مارے ہوئے سورج کی روشنی میں کمرا اندھیرا الگ رہا تھا۔

(یا)

صبح اخباروں میں یہ خبر پڑھ کر دل دھک سے رہ گیا کہ پروفیسر مرزا محمد سعید کا آج سوئم ہے۔ خاموش زندگی! خاموش موت! مرزا صاحب کی علالتِ مزاج یا مرض الموت کی اطلاع اس سے پہلے کہیں سے نہیں ملی۔ حد یہ کہ پرسوں وہ رحلت فرما گئے اور ان کے سینکڑوں دوستوں اور قدر دانوں کو اس سانحہء ارتحال کی خبر تک نہ ہوئی۔ افسوس اتنا بڑا صاحبِ کمال ہم میں سے اُٹھ جائے اور اس کی سناؤنی ہم تک نہ پہنچے۔

سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی تشریح کیجیے: (5)

تازہ انجم کا فضائے آسماں میں ہے ظہور دیدہء انساں سے نامحرم ہے جن کی موجِ نور
جن کی تابانی میں اندازِ کہن بھی، نو بھی ہے اور تیرے کوکبِ تقدیر کا پرتو بھی ہے

(یا)

الجزائر کے مسلمانو! خبر بھی ہے تمھیں شمعِ آزادی کے پروانو! خبر بھی ہے تمھیں
چین آتا ہے کسی طور نہ آرام ہمیں فکر رہی ہے تمہاری سحر و شام ہمیں

سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے: (5)

بھول جاتا ہوں مَیں ستم اس کے وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے
آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

(یا)

حیران ہیں، لب بستہ ہیں، دلگیر ہیں غنچے خوشبو کی زبانی تیرا پیغام ہی آئے
لمحاتِ مسرت ہیں تصور سے گریزاں یاد آئے ہیں جب بھی غم و آلام ہی آئے

سوال نمبر 6: "احسان کا بدلہ احسان" کہانی لکھیں۔ (5)



FBISE PAST PAPERS

سوال نمبر7: اشارات کی مدد سے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر پانچ سو سے چھ سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیں۔ (10)

**برسات کا موسم:**

i. پاکستان میں موسموں کی تعداد۔ برسات کا موسم

ii. ٹھنڈی ہوا، بادل، گرج چمک، بارش کا جانداروں پر اثر

iii. گھروں میں پکوان، گیت، خوشی، جھولوں کا اہتمام، بارش میں نہانا

iv. چرند پرند اور دوسری مخلوق خدا کا اظہارِ تشکر

v. بارش کے بعد سیلاب، گندگی، کیچڑ، بیماریاں

(یا)

**میرا پسندیدہ شاعر:**

i. سوانح، خاندانی پس منظر، ذاتی حالات زندگی

ii. شاعری، شاعرانہ خصوصیات

iii. اردو شاعری میں انفرادیت، وجوہات

iv. تصانیف، کتابیں، اہم شاعری

v. پسندیدگی کی وجہ

* * * * *

FBISE PAST PAPERS